# جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ

JDW
JDW Group

17-عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ، لاہور

## اطلاع برائے دوسرا عبوری نقد منافع 2026ء

جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بروز جمعہ، مورخہ 15 مئی 2026ء کو منعقد ہونے والے اجلاس میں مورخہ 30 ستمبر 2026ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے شوگر اور دیگر ڈویژن میں سے دوسرے عبوری نقد منافع منقسمہ -/5 روپے فی حصص (50 فیصد)، کی سفارش کی ہے۔ عبوری نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے لئے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز سوموار مورخہ 25 مئی 2026ء سے بروز منگل مورخہ 26 مئی 2026ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ مذکورہ دوسرا عبوری نقد منافع منقسمہ اُن حصص داران کو ادا کیا جائے گا جن کا نام بروز جمعہ مورخہ 22 مئی 2026ء کو دفتری امور کے اختتام تک کمپنی ممبران کے رجسٹر میں درج ہوگا۔

### 1- توثیق شدہ قومی شناختی کارڈ، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور ای میل ایڈریس کی ضرورت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جاری کردہ ریگولیٹری شرائط کے مطابق، کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف ان حصص داران کو کی جائیگی جنہوں نے اپنے موثر شناختی کارڈ/این آئی سی او پی/پاسپورٹ (افراد کی صورت میں) اور CUIN (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) کی نقول اور مختص انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) مہیا کیا ہوگا۔ کمپنی مذکورہ تفصیلات نہ دینے والے کو عبوری نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دے گا۔ ایسے حصص داران جنہوں نے ابھی تک مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی موثر شناختی کارڈ/این آئی سی او پی/CUIN/پاسپورٹ کی کاپیاں اور اپنے موثر IBAN کی تفصیلات فراہم کریں۔ مزید برآں، SECP کی ریگولیٹری کی شرائط کے مطابق، شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک کمپنی کو اپنے ای میل ایڈریس فراہم نہیں کئے ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کریں۔

### 2- غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس:

وہ حصص داران جنہوں نے تا حال اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/رائٹ یا بونس شیئرز وصول نہیں کیے، ان سے گزارش ہے کہ وہ برائے کرم مذکورہ ڈیویڈنڈ/شیئرز کے حصول کیلئے اپنی درخواست کمپنی/شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

### 3- فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، کمپنیوں کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم (الیکٹرانک فارم) میں تبدیل کروانا لازمی ہے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز جو ابھی بھی فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔

### 4- زکوٰۃ ڈیکلریشن (CZ-50):

عبوری نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر زکوٰۃ کی کٹوتی کی جائے گی اور اسے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کروا دیا جائے گا۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کیلئے، جن شیئر ہولڈرز نے ابھی تک زکوٰۃ ڈیکلریشن فراہم نہیں کی ہے، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ زکوٰۃ ڈیکلریشن، اگر حصص بک انٹری فارم میں موجود ہوں اسٹاک بروکرز یا CDC کو، اور اگر حصص فزیکل فارم میں موجود ہوں تو کمپنی/شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

### 5- ودہولڈنگ ٹیکس:

کمپنی کے شوگر ڈویژن کے منافع میں سے جو ڈیویڈنڈ ادا کیا جائے گا، اس پر بالترتیب 15% (فائلر) اور 30% (نان فائلر) کے حساب سے ودہولڈنگ ٹیکس کٹوتی کی جائیگی۔

بمقام: لاہور
مورخہ: 16 مئی 2026ء

بحکم بورڈ
(مقصود احمد ملہی)
کمپنی سیکریٹری/لیگل ہیڈ